# 21787 ـ رمضان كى قضاء كى موجودگى ميں عاشورا كا روزه ركھنا

**سوال**

مجھ پر رمضان كى قضاء ہے اور ميں عاشوراء كا روزه ركھنا چاہتا ہوں، تو كيا ميرے ليے قضاء سے قبل عاشوراء كا روزه ركھنا جائز ہے؟
اور كيا ميں عاشوراء دس اور گيارہ محرم كا روزه رمضان كى قضاء كى نيت سے ركھ سكتا ہوں، اور كيا مجھے عاشوراء كے روزے كا اجروثواب حاصل ہو گا ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

اول:

جس شخص پر رمضان المبارك كے ايك يا ايك سے زياده دنوں كى قضاء ہو وه نفلى روزه نہ ركھے، بلكہ وه اپنى قضاء سے ابتدا كرے اور پھر نفلى روزے ركھے.

دوم:

جب وه دس اور گيارہ محرم الحرام كا روزه رمضان المبارك كے چھوڑے ہوئے روزوں كى قضاء كى نيت سے رزه ركھے تو يہ جائز ہے، اور يہ اس كے ذمہ دو يوم كى قضاء ہو گى، كيونكہ رسول كريم صلى الله عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" اعمال كا دارومدار نيتوں پر ہے، اور ہر شخص كے ليے وہى كچھ ہے جو اس نے نيت كى "

ديكھيں: فتاوى اللجنة الدائمة للبحوث العلميہ والافتاء ( 11 / 401 )

اور اميد ہے ركھى جاسكتى ہے كہ آپ كو اس دن كے روزے اور قضاء كا اجروثواب حاصل ہو گا.

ديكھيں: فتاوى منار الاسلام، للشيخ محمد ابن عثيمين رحمہ الله ( 2 / 358 )

والله اعلم .